# نوٹس نیلام عام، جنرل بس اسٹینڈ خیبر اڈہ، کینٹ بورڈ کوہاٹ

## کینٹ بورڈ آفس کوہاٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ اپنا جنرل بس اسٹینڈ خیبر اڈہ واقع شیر محمد روڈ کوہاٹ کینٹ کا نیلام عام عرصہ 10 ماہ (30.06.2027 تا 01.09.2026) کیلئے منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات درج ذیل تاریخوں میں حصہ لے کر بھرپور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

| سیریل نمبر | ٹھیکہ | گاڑی | اڈہ فیس | کال ڈیپازٹ | عرصہ | تاریخ نیلامی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جنرل بس اسٹینڈ خیبر اڈہ | 1۔ بس (AC/NON AC)<br>2۔ کوسٹر (AC/NON AC)<br>3۔ فلائنگ کوچ (AC/NON AC)<br>4۔ موٹر کار (AC/NON AC)(Taxi)<br>5۔ ڈاٹسن، سوزوکی، پک اپ<br>6۔ سازگار / تیز رفتار، رکشہ وغیرہ | ایک مسافر کے کرایہ کے برابر | پچیس لاکھ روپے | 01.09.2026 تا 30.06.2027<br>10 ماہ | پہلی نیلامی بوقت 12:00 مورخہ 17.08.2026<br>دوسری نیلامی (ایضا) مورخہ 18.08.2026<br>سہ بارہ نیلامی (ایضا) مورخہ 19.08.2026 |

شرائط:

1۔ ہر بولی دہندہ بولی دینے سے قبل مبلغ -/2500,000 روپے بصورت کال ڈیپازٹ بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر کوہاٹ بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرائیگا۔

2۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے مصدقہ مختارنامہ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی مہیا کرنا لازم ہوگی۔

3۔ جنرل بس اسٹینڈ کو جہاں ہے جیسے ہے (پہلے سے مقررہ، قائم کردہ حدود بشمول ڈائمنڈ اڈہ علاوہ ازیں حصہ نرسری اور ٹیوب ویل) کی بنیاد پر حقوق وصولی جنرل بس اسٹینڈ اڈہ فیس نیلام کر رہا ہے۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا 10% حصہ موقع پر بطور سیکیورٹی جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ٹھیکہ کی احسن تکمیل مدت کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کر دی جائیگی۔ مذکورہ سیکورٹی کی رقم بولی کی رقم میں ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم برابر دس اقساط میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ تمام اقساط ایڈوانس ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ لیٹ قسط جمع کرنے کی صورت میں -/5000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ ہوگا۔ جو کہ لیٹ قسط کے ساتھ جرمانہ بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

6۔ اگر ہر ماہ کی 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروائی گئی یا قسط کی بابت دیا ہوا چیک باؤنس ہو جائے تو ٹھیکہ بغیر کسی نوٹس کے کینسل کر دیا جائے گا جس کا ذمہ دار ٹھیکیدار خود ہوگا۔ اگر کوئی رقم ٹھیکیدار کے ذمہ واجب الادا ہوگی تو مذکورہ رقم محکمانہ کاروائی کر کے وصول کی جائے گی۔ جو کہ ٹھیکیدار کی ذاتی جائیداد / اس کے وارثان کی جائیداد یا اس کے منظور شدہ ایجنٹ کی جائیداد سے وصول کی جائیگی اور سیکورٹی بھی ضبط کر لی جائیگی۔

7۔ ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کی حدود میں داخل ہونے والی کمرشل گاڑیوں سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق اڈہ فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔ اگر کوئی ڈرائیور اڈہ فیس ادا نہیں کرتا تو ٹھیکیدار کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مذکورہ گاڑیوں کو روک کر منظور شدہ ریٹس کے برابر گیارہ گنا فیس وصول کرے۔

8۔ ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کا انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ انکم ٹیکس FBR کے پاس جمع کروانے کی صورت میں جمع شدہ رسید کی کاپی کینٹ بورڈ میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

9۔ خیبر اڈہ جنرل بس اسٹینڈ میں موجود دو کانات، کیبن اور سروس ڈیک بھی جنرل بس اسٹینڈ ٹھیکہ کا حصہ ہیں۔

10۔ ٹھیکیدار مندرجہ بالا ریٹس کے مطابق اڈہ فیس وصول کرے گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائیگا۔

11۔ ٹھیکیدار اڈہ فیس کی وصولی کیلئے جو ایجنٹ اور کرز رکھے گا ان کے مکمل کوائف، پولیس ویریفیکیشن کے ساتھ کنٹونمنٹ بورڈ آفس کوہاٹ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ان کے علاوہ کوئی شخص اڈہ فیس وصول نہیں کر سکے گا۔ اگر کوئی دیگر شخص دفتر ہذا میں بغیر جمع کرائے کوائف، پولیس ویریفیکیشن اڈہ میں ملازمت کرتے پایا گیا تو اس کا ذمہ دار ٹھیکیدار خود ہوگا۔ نیز مذکورہ بالا ورکرز / ایجنٹس کی تنخواہ / اجرت ٹھیکیدار خود ادا کریگا جس کا دفتر ہذا کے ساتھ کوئی تعلق و واسطہ نہ ہوگا۔

12۔ ٹھیکیدار اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کے تجویز کردہ یونیفارم تیار کروانے کا پابند ہوگا جو کہ اڈہ سٹاف کیلئے دوران ڈیوٹی پہننا لازم ہوگا۔

13۔ ٹھیکیدار کسی بھی صورت میں مذکورہ ٹھیکہ sublet کرنے کا مجاز نہ ہوگا اگر ٹھیکیدار Sublet کرتے ہوئے پایا گیا تو کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ مذکورہ ٹھیکہ بغیر کسی نوٹس کے منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا اور اسی طرح ٹھیکیدار اڈہ ہذا فوراً خالی کرنے کا پابند ہوگا۔

14۔ ٹھیکیدار اپنے خرچے پر عوام الناس کی سہولت کیلئے اڈہ میں بہترین بیٹھنے کی جگہ، پینے کا پانی، باتھ روم، بجلی کے پنکھے، لائٹس اور صفائی کا انتظام کرنے کا پابند و ذمہ دار ہوگا۔ جو کہ دفتر ہذا کسی بھی وقت چیک کرنے اور مذکورہ معیار پورا نہ ہونے کی صورت میں جرمانہ عائد کرنے کا مجاز ہوگا جو کہ ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ مزید ٹھیکیدار ہر ماہ بجلی اور دیگر یوٹیلیٹی بلز مقررہ وقت پر جمع کروا کر بلز کی کاپیاں دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

15۔ موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر اڈہ کی سیکورٹی کا مناسب انتظام اور اس کا خرچہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔ اس ضمن میں کنٹونمنٹ بورڈ کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔

16۔ کینٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان تنازعہ کی صورت میں بطور ثالث ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس پشاور ریجن، پشاور کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے اور اس فیصلے کے خلاف کسی عدالت میں کیس دائر نہ کریں گے۔

17۔ کسی بھی ایونٹ / غیر متوقع حالات / گاڑیوں کی رکاوٹ / ہڑتال (گورنمنٹ یا پبلک کی طرف سے) کی صورت میں ٹھیکیدار کسی قسم کا کلیم نہیں کر سکے گا۔

18۔ کنٹونمنٹ بورڈ وقتاً فوقتاً کسی قسم کی ہدایت جاری کرنے کا مجاز ہے جس پر عمل کرنے کا ٹھیکیدار پابند ہوگا۔

19۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر PPRA رولز کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

20۔ ٹھیکیدار اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ کیساتھ نان جوڈیشل اسٹام پیپرز پر بولی منظور ہونے کے اندر معیاد تین یوم تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا بصورت دیگر دفتر ہذا ٹھیکہ کینسل کرنے کا مجاز ہوگا۔

21۔ کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

22۔ دوران ٹھیکہ ہذا اڈے میں کسی قسم کا حادثہ، گاڑی کی چوری یا کوئی بھی خلاف قانون عمل ہوا تو تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی اور اس بابت کینٹ بورڈ کسی قسم کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

23۔ ٹھیکیدار یا اس کے ملازمین کے مابین کسی بھی شخص سے لڑائی جھگڑا یا قتل ہو جائے تو تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ اس کے علاوہ اگر ٹھیکیدار یا اس کے ملازمین کسی بھی غیر اخلاقی، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے تو ٹھیکہ فوری طور پر کینسل کیا جائیگا اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

24۔ اڈہ میں موجود Building Structure کی حفاظت اور رینویشن ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

25۔ مندرجہ بالا شرائط کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ بغیر کسی نوٹس کے کینسل کرنے کا دفتر ہذا مجاز ہوگا۔ جو کہ اڈہ ٹھیکیدار فوراً خالی کرنے کا پابند ہوگا۔

26۔ مزید تفصیلات / معلومات کیلئے دوران اوقات کار دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

PID(P)143/26

**المشتہر**

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کنٹونمنٹ بورڈ، کوہاٹ کینٹ فون نمبر: 0922-9260184